**OFFICE OF THE ADMINISTRATION**

**FATA UNIVERSITY, FR KOHAT**

Phone No: 091-5885500-02, Email: ao@fu.edu.pk


# رجسٹریشن فارم و شرائط وضوابط برائے کینٹین/ دکان کرایہ داری

# فاٹا یونیورسٹی، ایف آر کوہاٹ

# FATA UNIVERSITY

## Darra Adam Khel, Kohat-26100

**Website: www.fu.edu.pk, Phone # 091-5885502**

## کرایہ داری برائے کینٹین / دکان

## سربمہر پیشکشوں کی طلبی

فاٹا یونیورسٹی کی مین کیمپس کی پرائم لوکیشن پر واقع مختلف کینٹین / دکانیں عرصہ تین سال کے لئے ماہانہ کرایہ بمعہ سالانہ دس فیصد اضافہ پر مستند اور مطلوبہ میدان میں تجربہ رکھنے والی پارٹیوں سے بذریعہ سربمہر بولی دستیاب ہیں۔ دلچسپی رکھنے والے افراد یا فرم مورخہ 06/03/2024 تک دفتری اوقات کار میں مطلوبہ جگہیں ملاحظہ کر سکتے ہیں۔ ہر لحاظ سے مکمل سربمہر پیشکش بذریعہ رجسٹرڈ کوریئر مورخہ 07/03/2024, 02:00 PM تک جمع کرانا ہوگا۔ تمام سربمہر پیشکش / بڈز مورخہ 07/03/2024, 02:30 PM کو بولی میں حصہ لینے والے افراد یا فرم کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔

سربمہر پیشکش جمع کرانے کیلئے رجسٹریشن فارم اور شرائط وضوابط ڈائریکٹوریٹ آف ایڈمنسٹریشن، فاٹا یونیورسٹی سے مبلغ دوہزار روپے بطور پروسسنگ فیس یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ درہ آدم خیل برانچ کے اکاؤنٹ نمبر 0850-233900504 میں جمع کرنے کے بعد دفتری اوقات کار میں حاصل کی جاسکتی ہیں۔ کینٹین / دکانوں کے بارے میں مزید تفصیل فاٹا یونیورسٹی کے ویب سائٹ www.fu.edu.pk یا ڈائریکٹوریٹ آف ایڈمنسٹریشن فاٹا یونیورسٹی سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

کنوینر

**فوڈ اینڈ مارکیٹ منیجمنٹ کمیٹی، فاٹا یونیورسٹی**

**OFFICE OF THE ADMINISTRATION**
**FATA UNIVERSITY, FR KOHAT**
Phone No: 091-5885500-02, Email: ao@fu.edu.pk

## شرائط وضوابط برائے کینٹین/ دکان کرایہ داری

فاٹا یونیورسٹی کی پرائم لوکیشنز پر واقع کینٹین/مختلف دکانیں عرصہ تین سال کے لئے ماہانہ کرایہ بمعہ سالانہ دس فیصد اضافہ پر مستند اور مطلوبہ میدان میں تجربہ رکھنے والی پارٹیوں سے بذریعہ سربمہر بولی دستیاب ہیں۔ دلچسپی رکھنے والے افراد یا فرم مورخہ 06/03/2024 تک دفتری اوقات کار میں مطلوب جگہیں ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

| نمبر شمار | لوکیشن بمعہ قسم | کُل رقبہ | کم سے کم بولی |
|---|---|---|---|
| 1: | کیفیٹیریا/کینٹین بمع کیچن وسٹور | 1494 مربع فٹ | 20روپے فی مربع فٹ |
| 2: | دکان نمبر 1۔ برائے سٹیشنری، موبائل اسسریز، ایزی لوڈ وغیر | 374 مربع فٹ | 20روپے فی مربع فٹ |
| 3: | دکان نمبر 2۔ برائے جنرل سٹور | 97 مربع فٹ | 20روپے فی مربع فٹ |
| 4: | دکان نمبر 3۔ برائے ڈرائی کلین اور لانڈری | 97 مربع فٹ | 20روپے فی مربع فٹ |
| 5: | دکان نمبر 4۔ برائے سبزی اینڈ فروٹ | 97 مربع فٹ | 20روپے فی مربع فٹ |
| 6: | دکان نمبر 5۔ برائے فوٹوسٹیٹ، کمپوزنگ، پرنٹنگ | 97 مربع فٹ | 20روپے فی مربع فٹ |

### شرائط وضوابط:

1۔ خواہشمند پارٹیاں ایک یا ایک سے زائد تمام کینٹین/ دکانوں کے لیے سربمہر پیشکش جمع کرا سکتی ہے۔ تاہم ہر سائٹ کے لیے علیحدہ فارم بمعہ پروسیسنگ فیس ناقابل واپسی اور علیحدہ زرضمانت جمع کرانا ہوگی۔

2۔ اگر بولی دہندہ فنانشل پیشکش کی شرائط وضوابط پر پورا اترنے میں ناکام رہا تو سیکیورٹی/ زرضمانت ضبط کر لی جائے گی۔

3۔ جمع کرائی گئی پیشکش/ بڈز مجاز اتھارٹی کی حتمی منظوری سے مشروط ہوں گی۔

4۔ ہر سائٹ کے لیے علیحدہ ہر لحاظ سے مکمل اور سربمہر فارم (سائیٹ کا نام لفافے کے اوپری بائیں کونے پر واضح تحریر کر کے) ڈائریکٹوریٹ آف ایڈمنسٹریشن فاٹا یونیورسٹی کو بذریعہ رجسٹرڈ کوریئر جمع کرانا ہوگی۔

5۔ بولی دہندگان کو مطلوبہ دستاویزات بمع قومی شناختی کارڈ کی کاپی جمع کرانا ہوں گی۔

6۔ خواہشمند افراد/فرم مندرجہ ذیل کاغذات/ دستاویزات سربمہر لفافے میں جمع کروائے گا۔ مطلوبہ معیار پر پورا نہ اترنے والی پارٹی کی آفر مسترد کر دی جائے گی۔

7۔ کینٹین کیلئے مطلوبہ خدمات فراہم کرنے والے تجربہ کار افراد/فرم کو ترجیح دی جائے گی۔

8۔ درخواست گزار اس بات کی بیان حلفی جمع کروائے گا کہ اس کو کسی بھی سرکاری ادارے کی طرف سے بلیک لسٹ نہیں کیا گیا ہے اور نہ ہی وہ فاٹا یونیورسٹی کے ساتھ کسی قسم کے تنازعے میں ملوث ہے۔ مزید یہ کہ اگر وہ فاٹا یونیورسٹی کیمپس میں کاروبار کر رہا ہے تو اس کے خلاف کسی قسم کے بقایاجات نہیں ہیں۔

9۔ سربمہر پیشکش جمع کرانے کیلئے رجسٹریشن فارم اور شرائط وضوابط ڈائریکٹوریٹ آف ایڈمنسٹریشن، فاٹا یونیورسٹی سے مبلغ دوہزار روپے فی کینٹین/ دکان بطور پروسسنگ فیس یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ درہ آدم خیل برانچ کے اکاؤنٹ نمبر **0850-233900504** میں جمع کرنے کے بعد دفتری اوقات کار میں حاصل کی جاسکتی ہیں۔ رجسٹریشن فارم اور شرائط وضوابط فی کینٹین/ دکان کے حساب سے جاری کیے جائینگے۔ ایک سے زائد کینٹین/ دکانوں کے لیے پیشکش جمع کرانے کے لیے فی کینٹین/ دکان کے حساب سے علیحدہ، علیحدہ مبلغ دوہزار روپے فی کینٹین/ دکان بطور پروسسنگ فیس جمع کرانا ہوگی۔ کینٹین/ دکان کیلئے ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن، فاٹا یونیورسٹی کی طرف جاری شدہ اصل رجسٹریشن فارم قابل قبول ہوگی۔ فوٹوسٹیٹ اور متعلقہ فرم/ فرد کے نام جاری شدہ رجسٹریشن فارم غیر متعلقہ دوسرے فرم/ فرد کی جانب سے جمع کرنا قابل قبول نہیں ہوگی۔

# OFFICE OF THE ADMINISTRATION

## FATA UNIVERSITY, FR KOHAT

Phone No: 091-5885500-02, Email: ao@fu.edu.pk


10۔ ہر لحاظ سے مکمل سربمہر پیشکش بمعہ ایک لاکھ روپے زرضمانت (قابل واپسی) برائے کینٹین اور 25 ہزار برائے فی دکان بشکل پے آرڈر/ بینک ڈرافٹ بنام ٹریژرر فاٹا یونیورسٹی بذریعہ رجسٹرڈ کوریئر مورخہ 2024/03/07، 02:00 PM تک جمع کرانا ہوگا۔ نامکمل فارم یا آخری تاریخ اور وقت کے بعد جمع ہونے والی پیشکش/ بڈز قابل قبول نہ ہوگی۔ تمام سربمہر پیشکش/ بڈز مورخہ 2024/03/07، 02:30PM کو بولی میں حصہ لینے والے افراد یا فرم کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔

11۔ کامیاب امیدوار کا انتخاب متعلقہ دکان/ کینٹین کیلئے ماہانہ کرایہ کی مد میں فرم/افراد کی جانب سے زیادہ سے زیادہ پیشکش کرنے والے کی بنیاد پر ہوگا۔ نیز اگر زیادہ سے زیادہ یکساں پیشکش کرنے والے فرم/افراد کی تعداد ایک سے زیادہ ہو تو ایسی صورت میں متعلقہ کاروبار میں تجربہ کار یا زیادہ تجربہ کار فرم/افراد کی پیشکش کو ترجیح دی جائے گی۔ یکساں پیشکش اور متعلقہ کاروبار میں یکساں تجربے کی صورت میں کامیاب امیدوار کا انتخاب ٹاس/ قرعہ اندازی کے ذریعے ہوگا۔

12۔ مطلوبہ کاروبار میں تجربہ کار فرم/افراد کو اپنے سابقہ تجربے کی تصدیقی اسناد/ سرٹیفیکیٹس اپنے فارم کیساتھ منسلک کرنا ہوگا۔ تجربے کی تصدیقی اسناد/ سرٹیفیکیٹس جس ادارے میں خدمات فراہم کی ہوں اس ادارے کے مجاز افسر کی طرف سے جاری کردہ ہوں۔ اگر عوامی جگہ پر خدمات فراہم کی ہوں تو مطلوبہ علاقے کے چیئرمین لوکل کونسل سے تصدیقی سند لینا ہوگا۔ تصدیقی سند میں اس بات کی تصدیق کی گئی ہو کہ درخواست کنندہ نے مطلوبہ خدمات احسن طریقے سے سرانجام دی ہو۔

13۔ ناکام امیدوار کو زرضمانت نیلام کے بعد واپس کردی جائیگی۔ زیادہ پیشکش سے منحرف ہونے کی صورت میں پیشکش منسوخ اور زرضمانت بحق فاٹا یونیورسٹی ضبط ہوگا اور دوسرے نمبر پر پیشکش کرنے والے کی بولی منظوری کے لئے بھیج دی جائے گی۔ دوسرے نمبر پر آنے والے امیدوار کی زرضمانت کامیاب امیدوار کے ساتھ معاہدہ ہونے تک واپس نہیں کی جائے گی۔

14۔ کامیاب بولی دہندہ ایک ماہ کا کرایہ بطور زرضمانت جمع کروانے کا پابند ہوگا، جس کے بعد مفصل معاہدہ ہوگا۔ ماہانہ کرایہ میں سالانہ 10 فیصد اضافہ ہوگا۔

15۔ کینٹین/ دکان کو بجلی یونیورسٹی فراہم کرے گی۔ تاہم اس کا بل کمرشل ریٹ کے مطابق دکاندار ادا کرے گا۔

16۔ کینٹین/ دکان کی صفائی اور دیکھ بھال کی ذمہ داری دکاندار پر ہوگی۔

17۔ دکاندار ماہانہ کرایہ ہر مہینے کے آخری دن یونیورسٹی کے مقررہ کردہ بینک اکاؤنٹ میں جمع کرائے گا۔

18۔ کینٹین/ دکان اور قریبی علاقے کے معیار، قیمتوں، حفظان صحت کے حالات اور صفائی کا معائنہ کرنے کے لیے دکاندار یونیورسٹی کی مارکیٹ اور فوڈ مینجمنٹ کمیٹی کی انسپکشن ٹیم کے ساتھ مکمل تعاون کرے گا۔

19۔ کینٹین/ دکان کے فضلے/کوڑے کو یونیورسٹی کے احاطے سے باہر مناسب طریقے سے ٹھکانے لگانے کو دکاندار یقینی بنائے گا۔

20۔ دکان سے کسی قیمتی چیز/ چیز کے نقصان/ چوری کے لیے یونیورسٹی ذمہ دار نہیں ہوگی۔

21۔ معاہدہ کا دورانیہ 03 سال ہوگا (تسلی بخش خدمات فراہم کرنے پر مزید قابل توسیع ہوگی)۔

22۔ کامیاب بولی دہندہ یونیورسٹی کے ساتھ ایک معاہدے پر دستخط کرے گا اور یونیورسٹی کے تمام قواعد وضوابط/ شرائط وضوابط کی پابندی کرے گا۔

23۔ فاٹا یونیورسٹی کی مجاز اتھارٹی کو اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی بھی وقت اور کسی بھی وجہ سے کسی ایک یا تمام پیشکش مسترد کرسکتی ہے۔

**اہم نوٹ:**

کامیاب بولی دہندہ کینٹین/ دکان میں فوڈ کمیٹی کے منظور شدہ ریٹ وصول کرنے اور معیاری کھانے بنانے کا پابند ہوگا۔ بولی دیتے وقت اس بات کا خیال رکھنا ہوگا کہ فاٹا یونیورسٹی میں کینٹین و دکاندار فاٹا یونیورسٹی کے منظور کردہ Subsidized Rates وصول کرنے کا پابند ہوگا۔ فاٹا یونیورسٹی کی فوڈ اینڈ مارکیٹ منیجمینٹ کمیٹی وقتاً فوقتاً معیار اور نرخ چیک کرنے کی مجاز ہوگی۔

کنوینر

فوڈ اینڈ مارکیٹ منیجمنٹ کمیٹی، فاٹا یونیورسٹی